SY-521

Reg. No. : ....

Name : ....

SECOND YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH – 2024

Part – III

URDU (Optional)

Maximum : 80 scores

Time : 2½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے تمام سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے۔ **(7 × 1 = 7)**

1. فلمی دنیا سے تعلق رکھنے والے کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھیے۔

2. سعدی شیرازی مشہور حکایت نگار ہیں۔ان کی ایک کتاب کا نام لکھیے۔

3. ''یادگار غالب''کا مصنّف کون ہے؟

4. آن حضرت ﷺ کی شان میں کہی جانے والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

5. ''میں چاہتی ہوں میری اپنی کوئی آمدنی ہو''۔یہ کس کا قول ہے؟

6. کسی ایک غزل گلوکار کا نام لکھیے۔

7. ’’میں نے کوئی راستہ اتنا پر امن نہیں دیکھا جتنا یہاں کا ہے۔‘‘ یہ کون کہتا ہے؟

8. کسی ایک سفر نامہ نگار کا نام لکھیے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے۔ **(4 × 2 = 8)**

9. اردو میں گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی دو ادیبوں کے نام لکھیے۔

10. مولانا حالؔی کی لکھی ہوئی کسی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیے۔

11. صنفِ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

12. شہر کی صفائی قائم رکھنے کے لیے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ اس کے لیے دو پلاکارڈس (Placards) تیار کیجیے۔

13. نیچے دیے گئے مصرعوں سے دو تلمیحات چن کر لکھیے:

ابن مریم ہوا کرے کوئی

خضر کا کام کروں راہنما بن جاؤں

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے۔ **(5 × 4 = 20)**

14. حکایت عجمی غلام سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے؟

15. ہر ایک مذہبی رہنما انسان دوستی کے علم بردار ہیں۔ کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

16. انشائیہ 'مچھر' میں خواجہ حسن نظامی نے انسان کو کیا کیا نصیحتیں دی ہیں۔ لکھیے۔

17. آلودگی آج کل ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اس کو کم کرنے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیجیے۔

18. ابن بطوطہ نے اپنے سفر نامے میں شہر قالوط کے بارے میں بیان کیا ہے۔ وہ کیا کیا ہیں؟ لکھیے۔

19. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے:

ہر وقت زمانے کا ستم سہتے ہیں
حاسد جو برا کہے تو چپ رہتے ہیں
اچھے تو بروں کو بھی کہتے ہیں نیک
جو بد ہے وہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے۔ **(4 × 6 = 24)**

20. نیچے دیے گئے کرداروں میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے:

[تاجی، عالیہ بانو، راجا]

21. نہرو اپنی تقریر میں بتاتے ہیں کہ "ہم اپنے حقوق پر زیادہ توجہ دیتے ہیں مگر ذمہ داریوں پر نہیں"۔ اس پر اپنے خیالات لکھیے۔

22. فطرت کی حفاظت میں شجر کاری کی بڑی اہمیت ہے۔ شجر کاری کی اہمیت پر نوٹ تیار کیجیے۔

23. ذیل کے شعر کا مفہوم لکھیے:

یہ دیس کہ ہندو مسلم تہذیبوں کا شیرازہ ہے
صدیوں پرانی بات ہے، پر آج بھی کتنی تازہ ہے

24. 'نسوانی تقویّت' (Women empowerment) کے موضوع پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔اس کے لیے چند نکات پیش کیجیے۔

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے۔ (3 × 7 = 21)

25. سفر نامہ 'ابن بطوطہ' میں ملبار کی منظر کشی بہت دل کش انداز میں پیش کی گئی ہے۔آپ کے پسندیدہ کسی ایک سفر کا تجربہ بیان کیجیے۔

26. آج کل عورتوں اور بچوں پر ظلم و ستم بڑھ رہے ہیں۔ کیوں ؟اس کو دور کرنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں ؟ لکھیے۔

27. غزل کا بادشاہ مرزا غالب ایک ممتاز شخصیت کے مالک ہیں۔غالب کے بارے میں اپنے معلومات بیان کیجیے۔

28. تکنولوجی کی ترقی کے ساتھ فطرت کی بربادی ہو رہی ہے۔ یہ کہاں تک ٹھیک ہے ؟اپنے الفاظ میں لکھیے۔